تبصرہ: ابوالادیب

● کتاب: علامہ اقبالؒ اور فتنۂ قادیانیت مرتب: محمد متین خالد

ضخامت: ۷۱۲ صفحات قیمت: ۴۰۰ روپے ملنے کا پتا: علم وعرفان پبلشرز، اردو بازار لاہور

''اقبال اور قادیانی'' کے موضوع پر سب سے پہلے آغا شورش کاشمیری مرحوم نے قلم اٹھایا۔ چنانچہ ''اقبالی مجرم، قادیانیت اقبالؒ کی نظر میں، اقبالؒ اور قادیانیت، عجمی اسرائیل جیسے کئی وقیع مقالات' ہفت روزہ ''چٹان'' کی وساطت سے پڑھنے کو ملے۔ اسی حوالے سے آغا شورش نے اپنی کتاب کی اشاعت کے لیے اشتہار بھی دیا اور یہ کتاب آغا صاحب کے ذہن میں ابھی پخت و پز کے مراحل میں تھی کہ جناب نعیم آسی (مرحوم) کی شہرہ آفاق کتاب ''اقبال اور قادیانی'' آغا صاحب کو موصول ہوئی۔ آغا صاحب نے جناب نعیم آسی کی اس کتاب کا اشتہار ہفت روزہ ''چٹان'' میں شائع کیا اور ایک مجلس میں فرمایا کہ جو کچھ میں لکھنا چاہتا تھا وہ سب نعیم آسی کی کتاب میں موجود ہے۔ اس کے بعد جناب عبدالمجید خاں ساجد کی کتاب ''ختم نبوت اور عقیدۂ اقبال''، مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل پروفیسر خالد شبیر احمد کی کتاب ''اقبال اور قادیانیت'' منصۂ شہود پر آئیں اور اب جناب محمد متین خالد کی زیر نظر کتاب ''علامہ اقبال اور فتنۂ قادیانیت'' میں علامہ اقبالؒ کا مؤقف شہرہ آفاق دانشوروں کی فکر انگیز تحقیقی اور تاریخی تحریروں کی شکل میں جمع کر دیا گیا ہے۔ جن سے اقبال کا مؤقف سمجھنے میں مزید آسانی ہو جاتی ہے۔ عمدہ مقالات کے اس مجموعہ کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

بقول حافظ شفیق الرحمٰن:

> ''یہ کام یقیناً اتنا آسان نہیں تھا۔ اس کے لیے انہیں سینکڑوں کتابوں کی ورق گردانی کرنا پڑی۔
> یہ دقت نظری اور دیدہ ریزی کا متقاضی تحقیقی کارنامہ ہے۔''

● کتاب: ماہتاب نبوت کی ضوافشانیاں مؤلف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۲۱۰ صفحات قیمت: ۱۲۰ روپے ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ۔ خالق آباد، نوشہرہ

شرح شمائل ترمذی کے ضخیم وعظیم ہونے اور ہر ایک کی قوتِ خرید سے باہر ہونے کے سبب' سب کے لیے اس کے حصول کی استطاعت ممکن نہ تھی۔ حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی نے شرح شمائل ترمذی کو علیحدہ علیحدہ مستقل عنوان سے مختلف چھوٹے چھوٹے اجزاء میں بھی علیحدہ علیحدہ کتابی صورت میں شائع کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اس سلسلے کی تیسری اشاعت ہے۔ اس میں نبی کریم ﷺ کے موزے، جوتے، انگوٹھی، تلوار وزرہ، عمامہ ودستار، تکیہ، رفتار اور مختلف محبت بھری اداؤں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ساٹھ احادیث کی عالمانہ تشریح وتوضیح کی گئی ہے۔ خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ کتاب معیاری ہے۔